## ملتان پریس کلب کے ارکان اور دیگر صحافیوں کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## ایم کیوایم کے شعبہ جات، خدمت خلق فاؤنڈیشن، نذیر حسین اسپتال، سن اکیڈمی کا دورہ

کراچی۔۔۔10جون2010ء

ان دنوں کراچی کے دورے پر آئے ہوئے اراکین ملتان پریس کلب اور دیگر ٹی وی نیوز چینلز، اخبارات اور مختلف خبر رساں اداروں کے سینئر صحافیوں، رپورٹرز، فوٹو گرافرز اور نمائندگان نے جمعرات کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی ارکان رابطہ کمیٹی سے ملاقات کی۔اس سے قبل معزز مہمان جب وہاں پہنچے تو خورشید بیگم میموریل ہال کے صدر دروازے پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس قائم خانی اور دیگر اراکین رابطہ کمیٹی محترمہ نسرین جلیل، ڈاکٹر صغیر احمد اور توصیف خانزادہ اور مرکزی شعبہ اطلاعات کے ارکان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔یہ صحافی کچھ دیر تک اراکین رابطہ کمیٹی کے ہمراہ رہے اور باہمی دلچسپی کے امور کے علاوہ ملک کی تازہ ترین سیاسی وامن وامان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور انہوں نے ایم کیوایم کے رہنماؤں سے ایم کیوایم کے نظم وضبط، اس کی فلاسفی، سیاسی وژن اور تنظیمی کے طریقہ کار سے آگاہی حاصل کی اور اس حوالے سے سوالوں وجواب کیے۔ ان صحافیوں نے ایم کیوایم کے نظم وضبط اور سیاسی وفلاحی سرگرمیوں پر خوشگوار حیرت کا اظہار کیا اور اس امر کا برملا اعتراف کیا کہ ملک کی کسی بھی سیاسی و مذہبی جماعت میں نہ تو ایسا نظم وضبط موجود ہے اور نہ ہی ان جماعتوں کے کارکنان اپنی فکر، مقصد اور مشن میں سنجیدہ نظر آتے ہیں۔بعد ازاں ان صحافیوں نے خورشید بیگم میموریل ہال میں واقع متحدہ قومی موومنٹ کے مختلف شعبہ جات کا بھی دورہ کیا اور اس حوالے سے معلومات حاصل کیں۔اس سے قبل ان صحافیوں نے اپنے دورے کا آغاز ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے کیا جہاں ارکان رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری، کنور نوید جمیل، اشفاق منگی، افتخار اکبر رندھاوا، سیف یار خان اور حق پرست وزراء شیخ محمد افضل (خالد عمر) اور خواجہ اظہار الحسن کی موجودگی میں کے کے ایف کے ایڈمنسٹریٹر سلیم انصاری نے مہمانوں کو بریفنگ دی، یہاں انہیں کے کے ایف کی خدمات اور تفصیلات پر مشتمل سوئیر پیش کیا گیا اس موقع پر انہوں نے نذیر حسین اسپتال کا بھی دورہ کیا اور پیتھالوجیکل لیبارٹری، مردانہ وزنانہ وارڈ، آپریشن تھیٹر، شعبہ ایمرجنسی، وائرلیس روم اور قائد تحریک الطاف حسین کے زیر استعمال ہنڈا 50 موٹر سائیکل اور دیگر گاڑیوں کا معائنہ کیا۔اس کے بعد ان صحافیوں کو ایم کیوایم فلاحی تعلیمی ادارے سن اکیڈمی کا بھی دورہ بھی کرایا گیا جہاں اکیڈمی کے ایڈمنسٹریٹر اقبال احمد نے انہیں بریفنگ دی یہ صحافی زیر تعمیر نذیر حسین میڈیکل یونیورسٹی بھی گئے جہاں سید شعیب احمد بخاری نے یونیورسٹی کے تعمیری اور تعلیمی حوالے سے بریفنگ دی۔ان صحافیوں نے قائد تحریک الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو اور ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات اور اس کے ذیلی شعبوں نیوز روم، فوٹو، ویڈیو سیکشن اور کمیونی کیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ کا معائنہ کیا۔معزز مہمانوں نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن، ایم کیوایم کے تعلیمی منصوبے سن اکیڈمی، نذیر حسین میڈیکل یونیورسٹی، نذیر حسین اسپتال، ناصر حسین وعارف حسین لائبریری، کے کے ایف ڈزاسٹر مینجمنٹ سیل اور عوامی مسائل کمیٹی سمیت ایم کیوایم کے دیگر فلاحی منصوبوں اور خدمات کی شاندار الفاظ میں تعریف کی اور سیاسی ونجی شعبہ میں کسی بھی اتنی عوامی وفلاحی خدمات کو ایک ناقابل یقین حقیقت قرار دیا۔

☆☆☆☆☆